# مانمن خبریں

نمبر 82_ 4 اگست 2019

# 2019 اسرائیل میں کرسٹل میوزک فیسٹیول











اسرائیلی پاسبانوں کی ایک تنظیم "کرسٹل فورم" اور "ہیلپنگ ہینڈ کولیشن" نے مل کر کرسٹل میوزک فیسٹیول اسرائیل 2019 کا انعقاد حائفہ انٹرنیشنل کنونشن سینٹر میں 8 جون اور 9 جون کو کیا۔ اس میں تقریبا 1200 شرکاء نے پُرکشش شرکت کی۔

اس تقریب کا انعقاد پنتکست کے موقع پر کیا گیا تھا۔ یہ اس سے بھی زیادہ بامعنی تھا کیونکہ یہ اسرائیل میں ریورنڈ جے راک لی کے 2009 یونائیٹڈ اسرائیل کروسیڈ کی دسویں سالگرہ بھی تھی جس نے اسرارئیل میں بیداری اور پنتکاسٹل حلقہ میں بہت اثر چھوڑا تھا۔

اس کے شرکاء مرکزی طور پر اسرائیل بھر سے میسیائی یہودی تھے اور دیگر کا تعلق روس، یوکرین، کاتویا، ڈی آر کانگو، اور گھانا سے تھا۔ اس کو یوٹیوب پر براہِ راست نشر بھی کیا گیا۔

حائفہ کے نائب میئر اور بیلا روسی ایلچی برائے اسرائیل آندرے سادووسکے نے سپاسنامہ پیش کیا۔ ہمارے چرچ کے پاسٹر سو جن لی نے اس بیان کے ساتھ شکریہ کے پیغام کی ویڈیو بھیجی کہ کرسٹل فورم منسٹری اور ہیلپنگ ہینڈ کولیشن کا شکریہ، اس بات کیلئے کہ ہر سال وہ موسیقی کے فیسٹیول کے ذریعہ سے خدا کو جلال دیتے ہیں۔

ڈاکٹر آندرے گاسیوروسکی، صدر ہیلپنگ ہینڈ کولیشن اور پاسٹر ڈینی ایل تنیاش از کنگ آف گلوری چرچ نے استقبالیہ پیغامات دیئے، پھر اسرائیل کے ایک معروف گاسپل سنگر جوشوعا آرون اور مختلف چرچز کے سولو گلو کاروں اور کنگ آف گلوری چرچ لی دیگر ٹیمز نے فنی مظاہرہ کیا جن میں ناصرت لوِنگ سپرٹ چرچ اور دیگر نے بھی گائیگی کے فن کا مظاہرہ کیا۔

ہمارے چرچ نے پاور ورشپ ڈانس ٹیم، سُون ہیان جُونگ اور آن یو لی کو بھیجا تھا۔ انہوں نے اسرائیل کا روایتی رقص دکھایا اور عبرانی، روسی اور انگریزی زبان میں گیت سنائے۔

بعض شرکاء نے کہا کہ انہیں ایسے محسوس ہوا جیسے آسمان زمین پر اتر آیا ہو۔ تقریب کے بعد ڈاکٹر آندرے گاسیوروسکی نے ٹیمز کی پرفارمنس کیلئے ریورنڈ جے راک لی کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ اسرائیلی پاسباب ہمیشہ مانمن چرچ کیلئے دعا گو ہیں اور مانمن منسٹری کے مزید بڑھنے اور ترقی کیلئے۔

ہمارے چرچ کی فنی مظاہرے کی ٹیمز کو 2012 سے لے کر ہر سال اس موسیقی کی تقریب کیلئے مدعو کیا جاتا ہے اور خدائے خالق اور یسوع مسیح کو سازوں اور فنی مظاہروں کے ساتھ جلال دیتے ہیں۔

کرسٹل فورم جو کہ گزشتہ 10 سال سے اس تقریب کا منتظم ہے، یہ تنظیم اُن اسرائیلی پاسبانوں پر مشتمل ہے جنہیں ریورنڈ جے راک لی کی منسٹری سے حوصلہ اور دلیری ملی تھی جب انہوں نے نشانات اور عجائب کے ساتھ 2007 سے شروع کر کے تین سال کیلئے انجیل کی منادی کی تھی۔ 2009 میں اسرائیل یونائیٹڈ کروسیڈ کے بعد سے پاسٹرز کانفرنسز، رومالوں والی شفائیہ عبادات، یوتھ کیمپ اور شادی شدہ جوڑوں کیلئے سیمینار منعقد کر رہے ہیں۔ علاوہ ازیں، ہیلپنگ ہیڈ کولیشن کے تعاون سے وہ اسرائیل میں پنتکاسٹل ازم کی بیداری لا رہے ہیں۔

پاسٹر جیونگ لی، چیئر پرسن پرفارمنگ آرٹس کمیٹی نے کنگ آف گلوری چرچ حائفہ میں 8 جون کی صبح کو قیادت کی۔ انہوں نے چرچ اراکین سے التماس کی کہ خدا کے ساتھ اپنی محبت کا اظہار کر کے خدا سے محبت پائیں، اس کا مطلب ہے اس کے حکموں پر عمل کرنا۔

## صلیب کا پیغام، از ریورنڈ جے راک لی ملائشیا میں تقسیم کیا گیا




ریورنڈ جے راک لی کی ایک مشہور ترین کتاب "صلیب کا پیغام" ملائشیا میں تقسیم کی جا رہی ہے۔ اسے ایم ایم پی (مانمن پبلشنگ) ملائشیا میں چائنیز میں شائع کر رہے ہیں اور اس کے قارئین کی تعداد نمایاں طور پر بڑھی ہے۔

ایم ایم پی نے مزید کئی کتب یعنی، روح جان اور بدن، موت سے پہلے ابدی زندگی کا مزہ، خدائے شافی، اور بیدار اسرائیل چینی زبان میں شائع کی ہیں۔

روحانی محبت (4)

# محبت حسد نہیں کرتی





"محبت صابر ہے اور مہربان۔ محبت حسد نہیں کرتی۔ محبت شیخی نہیں مارتی۔ اور پھولتی نہیں"
(1-کرنتھیوں 13: 4)۔

سینئر پاسٹر ریورنڈ جے راک لی

جو طالب علم اچھے نمبر لیتے ہیں وہ عموماً امتحان میں کی گئی غلطیوں پر غالب آ جاتے ہیں۔ وہ دریافت کر لیتے ہیں کہ انہوں نے کیوں غلط جواب دیا تھا اور یقینی بناتے ہیں کہ اب وہ سمجھ کر درست جواب دیں گے۔ یہ اپنی کمزور باتوں کو درست کرنے کا موثر طریقہ ہے۔

یہی اصول روحانی محبت پر بھی لاگو ہوتا ہے۔ خدا کا کلام سن کر، ہمیں یہ دیکھنے کی کوشش کرنی چاہئے کہ ہم میں صبر، حلیمی کے تعلق سے کوئی کمی تو نہیں، اوردوسروں کیلئے احساسات میں کوئی کمی تو نہیں۔

روحانی محبت کی صفات پر اب ہم بات چیت کریں گے کہ یہ حسد نہیں کرتی۔ یہاں حسد کرنے کا مطلب ہے شدید حسد رکھنا یا اس حد تک جلنا کہ دوسروں کے خلاف بدی کر گزریں۔

اگر ہمارے اندر حسد ہے تو ہم اس وقت بے چینی محسوس کرتے ہیں جب دوسرے خوشحال ہیں اور انہیں ہم سے زیادہ محبت کی جاتی ہو۔ ہم محسوس کرتے ہیں کہ ہماری انا کو ٹھیس پہنچی ہے جب ان لوگوں کو دیکھتے ہیں جن کے پاس زیادہ دولت ہے، زیادہ تعلیم ہے یا زیادہ لائق ہیں۔ ہم دوسروں کے ساتھ حسد رکھتے ہیں جو ہمارے ساتھ تقریباً یکساں ہوتے ہیں لیکن زیادہ خوشحال رہتے ہیں۔ بعض اوقات ہو سکتا ہے کہ ہم ان سے نفرت کرنے لگیں اور یہ ارادہ رکھیں کہ جو کچھ ان کے پاس ہے وہ چھین لیں۔

دوسرا پہلو یہ ہے کہ، شاید ہم اس طرح سے سوچیں کہ، "اُس کو کیوں پیار کیا جاتا ہے اور مجھے کیوں نہیں کیا جاتا؟" جب ہم اپنا موازنہ دوسروں کے ساتھ کرتے ہیں تو شاید ہمیں دل شکستہ ہونا پڑتا ہے۔

اکثر لوگ یہ نہیں سوچتے کہ دل شکستہ ہونا بھی حسد اور نفرت کی ہی ایک قسم ہے۔ بہر حال، اگر ہمارے اندر روحانی محبت ہے، تو ہم دل شکستہ نہیں ہوں گے بلکہ جب دوسرے خوشحال ہوں گے تو ہم ان سے خوش ہوں گے۔ دل شکستہ ہونا اور اپنے آپ پر تشدد کرنا ہماری انا کی وجہ سے پیدا ہوتا ہے کہ ہمیں پیار کیا جائے اور دوسروں سے زیادہ ہمیں تسلیم کیا جائے۔

اور اس باب میں جس حسد کا ذکر کیا گیا ہے وہ نہایت شدید ہے جو کسی کے برے الفاظ اور رویہ کو بدی کا باعث بنا دیتی ہے۔ اب، آئیں غور کریں کہ حسد کے مختلف درجات کیا ہیں۔

### 1- رومانوی تعلقات سے پیدا ہونے والا حسد

یعقوب، ابرہام کا پوتا اور اضحاق کا بیٹا، اس کی دو بیویاں تھیں، لیہ اور راخل۔ وہ یعقوب کے ماموں کی بیٹیاں اور آپس میں بہنیں تھیں۔

یعقوب کے ماموں لابن نے اسے دھوکا دیا اور اس کی شادی راخل کی بجائے لیہ سے کر دی۔ بہر حال، راخل کیلئے اپنی محبت کی خاطر اس نے لابن کی 14 سال تک خدمت کی تا کہ راخل کو بطور اپنی بیوی حاصل کر سکے۔ بلا شبہ، یعقوب راخل کے ساتھ لیہ کی نسبت زیادہ محبت رکھتا تھا۔

جب لیہ نے 4 بیٹوں کو جنم دیا تو راخل کا کوئی بچہ نہیں تھا، راخل اپنی بہن لیہ سے حسد کرنے لگی۔ اس معاملہ میں اس نے اپنے شوہر کا جینا مشکل کر دیا (پیدائش 30: 1)۔ راخل اور لیہ ایک دوسرے کے مقابل تھیں کہ کسی طرح یعقوب کی ساری محبت حاصل کر لیں، یہاں تک کہ انہوں نے اپنی ملازمائیں اسے دیں تا کہ وہ اس کی حرمیں ہوں۔

اگر ان میں ایک دوسرے کے لئے ذرا بھی روحانی محبت ہوتی تو جب ایک کے ساتھ یعقوب محبت رکھتا تو دوسری خوش رہ سکتی تھی۔ آخر کار، حسد نے لیہ، راخل اور یعقوب سب کی خوشیاں غارت کر دیں، اور اس بات کا بچوں پر بھی بہت منفی اثر پڑا۔

### 2- وہ حسد جب دوسرے ہم سے بہتر ہوتے ہیں

لوگوں میں اقدار کا مختلف نظام ہوتا ہے، وہ مختلف باتوں پر حسد محسوس کرتے ہیں۔ بہرحال، کوئی شخص عموماً اس وقت حاسد ہوجاتا ہے جب دوسرے زیادہ دولتمند ہوں، بہتر نظر آتے ہوں، زیادہ لائق ہوں، یا انہیں دوسروں کی طرف سے زیادہ پیار محبت حاصل ہو۔ ہم اپنے خاندانوں، کام کاج، سکول وغیرہ میں ایسی صورت حال آسانی سے دیکھ سکتے ہیں۔

ہو سکتا ہے کہ بعض لوگ اپنے کام کاج کی جگہ پر ساتھیوں کی کمزوریاں دوسروں کے سامنے کھولتے ہیں یا دوسروں کے سامنے نمایاں کرتے ہیں تا کہ خود ترقی پا سکیں۔ ہو سکتا ہے کہ کچھ طالب علم دوسروں کی تضحیک کرتے ہیں جو ان سے بہتر اور انہیں استاد زیادہ پیار کرتے ہوں بہ نسبت خود ان کے۔ کسی خاندان میں بھائی بہن بھی شاید اس لئے لڑائی جھگڑا کرتے ہیں کہ انہیں والدین کی طرف سے وراثت کا پیسہ زیادہ مل جائے۔

آئیں نوعِ انسان میں سے سب سے پہلے قاتل پر غور کریں۔ جب خدا نے قائن کے بھائی ہابل کا ہدیہ قبول کر لیا تو قائن اپنے حسد پر قابو نہ رکھ سکا اور ہابل کو قتل کر دیا۔

اس نے ضرور اپنے والدین آدم اور حوا سے سیکھا ہو گا کہ اسے جانوروں کے خون کی قربانی دینا ضرور ہے، لیکن اس نے ایسا نہ کیا۔ ہابل نے خون کی قربانی گزران کر خدا کی مرضی کو پورا کیا اور خدا نے ہابل کی قربانی کو قبول کر لیا۔ لیکن، قائن نے اس بات کو قصور نہ سمجھا بلکہ اپنے حسد کو بڑھایا جس کا نتیجہ اپنے ہی بھائی کے قتل کی صورت میں نکلا۔

### 3- ایماندار بھائیوں کے درمیان حسد

اہو سکتا ہے کہ بعض ایماندار بھی دوسرے ایمانداروں سے حسد کریں جب یہ محسوس کریں کہ دوسرا شخص ایمان میں ان سے آگے بڑھ رہا ہے یا اس کو چرچ میں کوئی بڑا منصب حاصل ہے۔ ایسا عموما اس وقت ہوتا ہے جب دوسرے لوگ جو ہم عمر ہوں اور چرچ میں ان کو زیادہ بڑا عہدہ مل جائے، یا جب ہم انہیں اچھی طرح سے جانتے ہوں۔ اگرچہ انہوں نے ہمیں کوئی نقصان نہیں پہنچایا ہوتا، تو بھی شاید ہم اُن کی بابت بے چینی محسوس کرتے ہیں۔ شاید ہم یہ محسوس کرتے ہیں کہ وہ فی الحقیقت ہم سے بہتر نہیں ہیں اور پھر بھی اُن کو ہماری نسبت زیادہ پیار کیا جا رہا اور زیادہ عزت دی جا رہی ہے۔ پس، ہمارے اندر عدم اطمینان کا احساس اجاگر ہو جاتا ہے۔

اگر ایسے لوگوں کا منصب کچھ بڑا ہو، تو ہم ان کی پیروی کرنا نہیں چاہتے۔ ہو سکتا ہے کہ ہم ان کی خطاؤں کی تشہیر کریں اور اُن کو نیچا دکھانے کی کوشش کریں۔ اگر کوئی چھوٹا یا ناتجربہ کار ہو اور اسے ہم سے کوئی بڑا عہدہ مل جائے تو ہم شدید حسد محسوس کر سکتے ہیں۔

ساؤل بادشاہ کیلئے داؤد بہت مدد گار تھا جس نے اس کی سلطنت کو بچایا۔ لیکن جب جنگ سے واپس آنے پر لوگوں نے ساؤل کی بجائے داؤد کی زیادہ تعریف کی (1-سموئیل 18: 7) تو ساؤل نہایت حاسد ہوا، کہ اس نے داؤد کو قتل کرنے کی کوشش کی۔ آخر کار، جب تک ساؤل نے فلستیوں کے خلاف جنگ کے دوران خود کشی نہ کر لی، اس کے اس حسد نے اسے کبھی چین نہ لینے دیا تھا۔

گنتی 16 باب میں قورح، داتن اور ابیرام نے موسیٰ اور ہارون کے خلاف کچھ غصہ ظاہر کیا۔ ان کا خیال تھا کہ موسیٰ اور ہارون غیر قانونی طور پر اپنا رعب دکھا رہے ہیں اور وہ دونوں خود کو قائد بنانا چاہتے ہیں۔ انہوں نے کچھ لوگوں سے رابطہ کیا اور 250 لوگ اکٹھے کر لئے جو ان کے ساتھ متفق تھے۔ ان کا خیال تھا کہ وہ موسیٰ اور ہارون پر غالب آ جائیں گے اور ان کے ساتھ جھگڑا کیا (گنتی 16: 3)۔

جب وہ لوگ موسیٰ پر جھوٹے الزامات لگا رہے تھے تب موسیٰ نے ان کو کچھ نہیں کہا۔ وہ دعا میں خدا کے حضور گھٹنوں کے بل ہو گیا۔ پھر، اس نے ان کے گناہوں کی نشاندہی کی اور خدا سے کہا کہ ان کا انصاف کرے۔ خدا کا غضب ان پر بھڑکا۔ زمین کھل گئی اور ان کو نگل گئی اور ان کا سارا مال اسباب بھی زمین میں غرق ہو گیا۔ اور جو 250 لوگ ان کے ساتھ کھڑے تھے ان پر زور دار آگ نازل ہوئی اور انہیں ہلاک کر دیا۔

خدا نے لوگوں کو یہ دیکھنے کا موقع دیا کہ موسیٰ کے ساتھ حسد رکھنا کتنا سنگین گناہ تھا۔ خدا کے لوگوں کی عدالت کرنا ایسا ہی ہے

## ایمان کا اقرار

1۔مانمن سینٹرل چرچ کا ایمان ہے کہ بائبل مقدس خدا کے منہ سے نکلا ہوا کلام ہے اور یہ کامل اور بے نقص ہے ۔

2۔مانمن سینٹرل چرچ خدائے ثالوث :خدا باپ، خدا بیٹا، اور خدا روح القدس کی یکتائی پر ایمان رکھتا ہے ۔

3۔مانمن سینٹرل چرچ کا ایمان ہے کہ ہمیں صرف اور صرف یسوع مسیح کے نجات بخش لہو کے وسیلہ گناہوں کی معافی ملی ہے۔

4۔مانمن سینٹرل چرچ یسوع مسیح کے مردوں میں سے جی اٹھنے اور آسمان پر اٹھائے جانے پر ، اُس کی آمدِ ثانی پر، ہزار سالہ بادشاہی پر اور ابدی آسمان پر ایمان رکھتا ہے۔

5۔مانمن سینٹرل چرچ کے ارکان جب بھی جمع ہوتے ہیں "رسولوں کا عقیدہ" پڑھ کر ایمان کا اقرار کرتے ہیں اور اِس میں شامل باتوں پر حرف بہ حرفی یقین رکھتے ہیں۔

"وہ(خدا ) توخود سب کو زندگی اور سانس اورسب کچھ دیتا ہے"۔(اعمال25:17)
"اور کسی دوسرے کے وسیلہ نجات نہیں کیونکہ آسمان کے تلے آدمیوں کو کوئی دوسرانام نہیں بخشا گیا جس کے وسیلہ سے ہم نجات یں"۔(اعمال12:4)

Urdu
مانمن خبریں
شائع کردہ مانمن سینٹرل چرچ
نمبر3-235گرو ڈونگ3، گرُو ۔گو، سیول کوریا(08389)
فون82-2-818-7047 فیکس82-2-818-7048
ویب سائٹwww.manmin.org/english
www.manminnews.com
ای میلmanminen@manmin.kr
ناشر:ڈاکٹر جے راک لی
مدیرِ اعلیٰ:سینئیر ڈیکنیس گیومسُن وِن

جیسے خود خدا کی عدالت کرنا۔

### 4- بے معنی باتوں پر حسد کی حماقت

یعقوب 4: 2 میں ذکر ہے کہ "تم خواہش کرتے ہو اور تمہیں ملتا نہیں۔ خون اور حسد کرتے ہو اور کچھ حاصل نہیں کر سکتے اور تمہیں اس لئے نہیں ملتا کہ مانگتے نہیں"۔

حسد ہمیں کبھی وہ سب کچھ دے نہیں سکتی جو ہم حاصل کرنا چاہتے ہیں۔ شاید ایسا محسوس ہوتا ہو کہ ہم حسد کے کاموں سے اپنے سامنے دوسروں کو نیچا دکھا رہے ہیں لیکن ایسے اعمال گھوم کر واپس آنے والے ہتھیار کی طرح واپس ہم تک ہی آئیں گے۔ ہو سکتا ہے کہ ہم بیمار ہو جائیں یا خاندان اور کام کاج کی جگہ پر کسی آفت کا سامنا کریں۔

حسد ہمیں نقصان پہنچاتی ہے؛ یہ ہر پہلو سے نقصان دہ ہے۔ اگر ہم دوسروں سے آگے بڑھنا چاہتے ہیں، تو ہمیں حسد میں اپنی توانائی ضائع نہیں کرنی چاہئے بلکہ ہمیں قادرِ مطلق خدا سے مانگنا چاہئے۔ زیادہ تر لوگ اپنی تسکین اور گھمنڈ کیلئے دولت، شہرت اور اختیار کی بات کرتے ہیں۔ بہر حالانکہ ہماری جان کی خوشحالی اہم ترین برکت ہے۔

اگرچہ ہمارے پاس بے شمار چیزیں ہوں، تاہم اگر ہم نجات یافتہ نہیں تو یہ سب کچھ بے معنی ہے۔ ہمیں ذہن میں رکھنا چاہئے کہ اس دنیا کا سب کچھ بے معنی ہے اور یہ دھند کی طرح غائب ہو جاتا ہے (واعظ 12: 8)۔

### 5- حسد بمقابلہ روحانی خواہش

ہمارے اندر حسد کی وجہ یہ ہے کہ ہم بہت کم ایمان رکھنے والے ہیں اور ہمارے اندر محبت کی کمی ہے۔ اگر ہم خدا پراور آسمان کی بادشاہی پر کم ایمان رکھتے اور محبت کی کمی ہے تو ہمارا رجحان ہو گا ایسے لوگوں کے ساتھ دشمنی رکھنا جن کے پاس دولت، شہرت اور دنیا میں اختیار ہوتا ہے۔

اگر ہمارا ایمان ٹھوس ہو کہ ہم خدا کے فرزند ہیں اور آسمان کے شہری ہیں تو ہم اپنے دیگر ایماندار بھائیوں اور بہنوں کیلئے بھی یقین رکھیں گے کہ وہ آسمان ہمیشہ تک ہمارے ساتھ ہوں گے۔ ہمارا ایمان بھی اتنا مضبوط ہو گا کہ غیر ایمانداروں کی جانیں بھی ہمارے نزدیک بیش قیمت ہوں گی جن کو ہمیں نجات کی راہ تک لانا ہے۔

اور جس حد تک سچا ایمان ہمارے اندر ہو گا ہم اپنے پڑوسیوں کے ساتھ اپنی مانند محبت رکھیں گے اور اس طرح جب دوسرے کامیاب ہوں تو ہم شادمان ہوں گے۔

جو لوگ سچا ایمان رکھتے ہیں وہ اس دنیا کی بے معنی چیزوں کی تلاش میں نہیں رہتے۔ وہ صرف خداوند کی خدمت کیلئے جانفشانی کریں گے تا کہ آسمان پر بہتر سکونت گاہ زور کے ساتھ حاصل کر سکیں۔ یہ روحانی خواہش ہے (متی 11: 12)۔ روحانی خواہش حسد سے مختلف ہے۔

خداوند کے کام کیلئے غیرت رکھنا اور ممکنہ سختی کی حد تک تبدیل ہو جانا اچھی بات ہے۔ بہرحال، اس غیرت کو سچائی سے دور نہیں ہونا چاہئے کہیں ایسا نہ ہو کہ دوسروں کو ٹھوکر لگے۔ مجھے امید ہے کہ آپ دوسروں کے مفادات کیلئے کام کر لے روحانی محبت کی کاشتکاری کریں گے بجائے کہ اپنے فائدہ کیلئے اور صلح کے طالب ہوں گے۔

مسیح میں عزیز بھائیو اور بہنو، 1-یوحنا 2: 17 کہتی ہے کہ "دنیا اور اس کی خواہش دونوں مٹتی جاتی ہیں لیکن جو خدا کی مرضی پر چلتا ہے وہ ابد تک قائم رہے گا"۔ بہر حال، حسد بدی اور غلیظ بات ہے، اور جن لوگوں میں حسد ہوتا ہے ان کے لئے نجات پانا مشکل ہے۔ اس کی وجہ ہے کہ یہ ایک ظاہری عمل کا گناہ ہے۔

لہذا، میں خداوند کے نام میں دعا کرتا ہوں کہ آپ عداوت نہ رکھیں اور اس دنیا کی بے معنی چیزوں کی کشش میں کسی کے ساتھ حسد نہ کریں بلکہ اپنے دل میں خدا کی محبت کاشت کریں تا کہ آپ آسمان کی ابدی بادشاہی کو زور سے حاصل کر لیں اور اپنے دلوں کی مرادیں پائیں!

# 1-کرنتھیوں 12 باب میں مرکوز نو نعمتیں

### 01 حکمت کا کلام

آپ کے لئے ایسے لوگوں کو تبدیل کرلینے کا زیادہ امکان ہے جنہیں مناسب طور پر خدا کا کلام سنا کر تبدیل کیا جا سکتا ہے۔ آپ ان میں ایمان کا بیج بو سکتے ہیں اور انہیں آسمانی امید دے سکتے ہیں تا کہ وہ اس دنیا پر غالب آئیں۔ آپ خدا کی طرف سے اس حد تک حکمت پا سکتے ہیں کہ اُن کی تسلی کروا سکیں۔ یہ نعمت آپ کو خداوند کے نام میں کوئی بھی کام کرنے کے لائق بنا دے گی۔

### 02 علمیت کا کلام

اگر آپ کلامِ خدا کو روحانی طور پر نہیں سمجھتے تو یہ محض لفظی علم ہے؛ آپ حقیقی مطلب کبھی نہیں سمجھتے۔ لہٰذا، آپ خدا کے دل اور محبت کو محسوس نہیں کر سکتے۔ اس نعمت کے ساتھ آپ حقیقی طور پر بائبل مقدس کی 66 کتابوں کو کا روحانی مطلب سمجھ سکتے ہیں اور ان کو روحانی روٹی کے طور پر لے سکتے ہیں، تا کہ آپ اس کو اپنے اعمال میں اپنا سکیں اور خدا کے کاموں کا تجربہ پائیں۔

### 03 ایمان

خدا داد ایمان پانے کیلئے ہمیں اس کلام کو جو سن رکھا ہو عمل میں لانے کی ضرورت ہے۔ اور اس کے لئے، ہمیں پاک روح کی طرف سے مدد درکار ہوتی ہے۔ جب آپ خدا کا کلام سنتے ہیں اور اپنے گناہوں اور خطاؤں کو مان لیتے ہیں تو جلدی سے ہی ان کو دور کر نیک دل پا سکتے ہیں۔ جب آپ کو کسی بات کا تجربہ ہوتا ہے یا زندہ خدا کی کوئی شہادت دیکھتے ہیں تو اپنے ایمان کے طور پر اسے قبول کرتے ہیں کیونکہ اس کا مطلب یہ ہے کہ آپ نے ایمان کی نعمت پائی ہے۔

### 04 شفا کی نعمت

یہ جراثیم اور وائرس کی وجہ سے بیمار ہونے والوں کی شفا کیلئے ہے۔ حتیٰ کہ آپ نہایت شدید بیماری سے بھی شفا پا سکتے ہیں اگر کسی ایسے شخص سے دعا کروائیں جس کے پاس یہ نعمت ہو، اگر آپ نے پوری طرح سے توبہ کی ہو۔ اور جو گناہ کرنے کی وجہ سے بیمار ہوئے ہوں اور سچائی پر عمل نہ کیا ہو تو وہ جلدی ہی ایسے شخص سے دعا کروا کر شفا پا سکتے ہیں جس کے پاس شفا کی نعمت ہو۔

### 05 معجزات کی قدرت

اس کا مطلب ہے ایسے کام کرنا جو انسان اپنے طور پر کر ہی نہیں سکتا، مثلاً لاعلاج بیماریوں سے شفا، موسم کی حالت کو بدلنا، اور یہاں تک کہ شخصیات اور انسانی کردار کو بھی بدل دینا۔ یہ ان لوگوں کو دی جاتی ہے جو خدا کے دل کے مطابق لوگ ہوتے ہیں۔ آپ عجیب قدرت کے کام دکھا سکتے ہیں جب آپ کی تقدیس ہوئی ہو اور روح کے گہرے درجہ تک جانے کیلئے جانفشانی اور دلجمعی سے دعا کرتے ہوں۔

### 06 نبوت

اس کا مطلب ہے مستقبل کی بابت خدا کی مرضی کا علم پاک روح کی تحریک سے جاننا۔ مستقبل کی چیزوں کے بارے میں اصلاح اور تربیت اور الزام کیلئے بات کرنا (1-کرنتھیوں 14: 3)۔ یہ صرف روح کی معموری اور تقدیس کے وسیلہ سے ہی ممکن ہے، بالاناغہ دعا اور کلام کے ساتھ وفاداری کرنے والوں کو یہ نعمت مل سکتی ہے۔

### 07 روحوں کا امتیاز

اس کا مطلب ہے خدا کی مرضی کو جاننا۔ یہ نعمت پانے کیلئے آپ کو چاہئے کہ لازمی طور پر خدا کے کلام کی مکمل اطاعت کریں۔ آپ دی گئی قوت کے مطابق روحوں کا امتیار کر سکتے ہیں جب آپ صاف طور پر پاک روح کی آواز کو سنیں اور خدا کی مرضی کی پیروی کریں۔ آپ نیک اور بد کے درمیان امتیار کر سکتے ہیں اور سچائی اور بطالت کے درمیان بھی۔ آپ ایسے لوگوں سے نمٹ سکتے ہیں جو بُری روحوں سے متاثر اور پریشان حال ہیں۔

### 08 زبانیں

زبانوں میں دعا کر کے ہم پاک روح کی معموری اور خدا کے کلام کا فہم پا سکتے ہیں کیونکہ یہ ہماری روح کی دعا ہوتی ہے؛ اس سے ہمیں قوت پانے میں مدد ملتی ہے۔ ہم آزمائشوں اور مشکلات کو دور کرنے کے لائق ہوں گے۔ اس سے ہمیں مدد ملتی ہے کہ جس بات کو دور کرنا چاہیں اس کو بہت دور کر سکیں۔ یہ ایسی دعا ہے جس کو صرف ہمارا خدا ہی جانتا ہے، اس لئے دشمن اس میں مداخلت نہیں کر سکتا۔

### 09 زبانوں کا ترجمہ

اس کا مطلب ہے پاک روح کی تحریک اور معموری کے ساتھ زبانوں کا ترجمہ کرنا۔ یہ خدا کی خاص مرضی کے مطابق صرف چیدہ چیدہ لوگوں کو دی جاتی ہے۔ لازم ہے کہ ان میں ہر طرح کی سوچوں کو کاٹ نکالنے کی لیاقت ہو۔ ایسے لوگ جو ناراستی میں زندگی گزارتے ہیں وہ یہ نعمت نہیں پا سکتے کیونکہ وہ شیطان کی طرف سے کاموں کو قبول کرتے ہیں۔

# "پاک انجیل نے میری زندگی بدل دی"

وٹالی تابارانو (33، مولدووا مانمن چرچ)

میں بچپن ہی سے چرچ جاتا تھا لیکن خدا کے کلام کی نافرمانی کرتے ہوئے کئی گناہ کرتا تھا تو بھی میرا خیال تھا کہ میں نجات یافتہ ہوں۔ میری زندگی بے معنی تھی۔ مجھے زندہ رہنے کی کوئی وجہ بھی نظر نہیں آتی تھی۔ میں دعا کرتا تھا کہ "اے خدا، اگر زندگی ایسی ہی ہوتی ہے تو از راہِ کرم مجھے اٹھا لے، یا مجھے زندگی کا مطلب اور وجہ جاننے کا موقع دے"۔

2010 میں، میرے بھائی الیکسندر تابارانو نے ریورنڈ جے راک لی کے پیغامات ٹی بی این روسی چینل کے ذریعہ سننا شروع کئے۔ یہ وعظ بہت دلچسپ تھے، اور ان سے وہ سچائی مل گئی جس کیلئے میں متلاشی تھا اورزندہ خدا کی بابت واضح جواب بھی ملا۔

میں ریورنڈ لی کے ہر روز 4-5 وعظ سنتا تھا، جس میں صلیب کا پیغام، ایمان کا پیمانہ، روح جان اور بدن، دس حکم اور محبت کا باب شامل تھے۔

میں نے خاص طور پر یہ سیکھا کہ گناہ کیسے انسان میں آیا اور ہم اسے کیسے دور کر سکتے ہیں۔ جب میں نے وعظ سننے کے بعد دعا کی تو مجھے اپنے گناہوں کو دور کرنے کی قوت مل گئی۔ ریورنڈ لی کے وعظوں نے میری زندگی بدل دی۔



اس کے والدین اور بھائی السیکندر تابارانو

ماضی میں، مجھے دعا کرنا نہیں آتی تھی، مجھے محسوس بھی نہیں ہوتا تھا کہ دعا کرنے کی ضرورت ہے، لیکن اب میں روزانہ دو گھنٹے سے زیادہ وقت دعا کرتا ہوں۔ مجھے تجربہ ملا کہ ہم گناہ پر پاک روح کی مدد سے غالب آ سکتے ہیں، اور یہ مجھے تب ملا جب میں نے دعا کی۔

2017 کی گرمیوں کے موسم میں میں نے 45 دن تک مانمن سینٹرل چرچ گیا۔ میں نے منسٹری اور چرچ کی تنظیم کے بارے میں سیکھا۔ میں ارکان سے بہت متاثر ہوا جو رات دیر تک دعا کرتے تھے اور ان کی وفاداری بہت تھی۔ میں نے بھی اس بات کا اطلاق کیا اور میں نے اپنے چرچ مولدووا میں بھی سکھایا اور اسے نہایت ہی پُر اثر پایا۔ مجھے نہ صرف مولدووا میں بلکہ سارے یورپ میں انجیل پھیلانے کی رویا بھی ملی۔

میں نے ایم آئی ایس (مانمن انٹر نیشنل سیمنری) کورس مکمل کیا۔ میں مولدووا کے دیگر شہروں میں بھی انجیل کی منادی کرتا تھا جن میں لتھوانیہ اور رومانیہ شامل ہیں۔ اس کے علاوہ میں اٹلی کے پاسبانوں کے ساتھ بھی رفاقت رکھتا ہوں۔

میں مولدووا کے مقامات کِسینوا اور ریزینا میں مانمن کے دو ذیلی چرچز میں بھی خدمت کرتا ہوں۔ اراکین بہت خوش ہیں کہ ایمان میں زندگی گزارتے ہیں کیونکہ انہیں سینئر پاسٹر کے وسیلہ سے بے شمار عجیب نشانات کا تجربہ ملتا ہے۔

میری ماں دل کے عارضہ کی وجہ سے موت کے دھانے پر تھی لیکن اسے سینئر پاسٹر کی دعا سے مکمل شفا مل گئی۔ اس کے علاوہ مجھے اپنڈکس کی شدید تکلیف سے بھی شفا ملی۔ چرچ اراکین کو خون کے سرطان، تبِ دق اور السر وغیرہ سے شفا ملی۔

میں سارا جلال خدا کو دیتی اور شکر کرتا ہوں خدا باپ کا اور عزیز خداوند کا کہ اس نے مجھے حقیقی انجیل بخشی اور میری زندگی کو بدل دیا۔ میں سینئر پاسٹر کا بھی شکر گزار ہوں کہ مجھے کلامِ حیات سکھایا اور میرے لئے مثال قائم کی۔

# "خدا کا کلام اور دعا تمام تر مانمن منسٹری کی ریڑھ کی ہڈی ہے"

پاسٹر الھیریتو آکیرانا (46، بیت ایل چرچ، انڈونیشیا)

میں بچوں کی ایک منسٹری چلاتا ہوں، بالخصوص یتیم بچوں کے ساتھ منسٹری۔

میرے گھر میں رہنے والے 9 یتیموں سمیت، میری بیوی اور میں کل ملا کر 20 سے زائد بچوں کی نگہداشت کرتے ہیں، ایسے جیسے ہمارے اپنے بچے ہیں۔ ہم بہت خوش ہیں۔

2008 میں، میں ریورنڈ جے راک لی کے پیغامات کی ویڈیو برائے نیو یارک یونائیٹڈ کروسیڈ 2006 سے بہت متاثر ہوا۔ میں نے مانمن سینٹرل چرچ کے بارے میں جتنا زیادہ جانا اتنا ہی زیادہ مجھ میں پاک زندگی گزارنے کی خواہش بڑھی۔ میں نے چاہا کہ زیادہ زیادہ خدا کے کلام کی اطاعت کروں۔ سب سے بڑھ کر یہ کہ، میں نے جانا کہ خدا چاہتا ہے کہ ہم پاک زندگی گزاریں اور درستی کے ساتھ خدا کے کلام کی منادی کریں۔

میں نے اپنے خاندان کے ساتھ جی سی این ٹی وی کے ذریعہ مانمن سینٹرل چرچ کی دانی ایل دعائیہ میٹنگ میں شرکت کی۔ اراکین کو جواب اور شفا پاتے دیکھ کر جو کہ انسانی فہم سے باہر تھی، میں نے سوچا کہ خدا اپنی قدرت کو ریورنڈ جے راک لی کے ذریعہ ظاہر کر رہا ہے۔

چونکہ، میرا ایمان تھا کہ مانمن سینٹرل چرچ میں ہونے والے معجزات میری زندگی میں بھی ہو سکتے ہیں، میرے خاندان میں بھی، اس لئے میں نے مانمن کے بارے میں اور زیادہ سیکھنا چاہا۔ خوش قسمتی سے، مجھے اکتوبر 2018 میں چرچ میں جانے کا ایک موقع ملا تھا۔ میں نے کئی باتوں کو جانا، اور مجھے قدرت بھرے رومالوں والا ڈبہ لا (اعمال 19: 11-12) اور ریورنڈ جے راک لی اور دعائیہ مرکز کی ڈائریکٹر مسز لی کی تصاویر بھی ملیں۔

جب میں انڈونیشیا واپس گیا تو چند بچے اچانک بہت بیمار ہو گئے۔ میں نے وہ رومال حاصل کرنا چاہا جس پر ریورنڈ جے راک لی نے دعا کی تھی لیکن مجھے کوئی موقع نہ ملا۔ پس، میں نے ریورنڈ لی اور ان کی اہلیہ کی تصویر رومالوں والے ڈبے پر رکھی اور بیمار بچوں کے لئے دعا کی۔ انہوں نے کوئی دوائی نہیں لی تھی اس کے باوجود وہ بالکل ٹھیک ہو گئے۔

علاوہ ازیں، بلاناغہ دعا کیلئے ہم مانمن سینٹرل چرچ کی دانی ایل دعائیہ میٹنگ کے ساتھ مل کر دعا کرتے ہیں، خدا پر بھروسا رکھتے ہیں اور پاک زندگی گزار رہے ہیں۔ خدا کا کلام اور دعا مانمن کی تمام تر منسٹری کی ریڑھ کی ہڈی ہے۔ یہ وہ برکت ہے جو ہم نے مانمن سے پائی۔

مانمن، میں آپ سے پیار کرتا ہوں!



GCN جي سي اِن
(گلوبل کرسچن نیٹ ورک)
فون:82-2-824-7107
فیکس:82-2-813-7107
www.gcntv.org
webmaster@gcntv.org

World Christian Doctors Network WCDN
(ورلڈ کرسچن ڈاکٹرز نیٹ ورک)
فون:82-2-818-7039
فیکس:82-2-830-5239
www.wcdn.org
wcdnkorea@gmail.com

MIS
(مانمن انٹرنیشنل سیمنری)
فون:82-2-818-7331
فیکس:82-2-830-3310
www.manminseminary.org
manminseminary2004@gmail.com

کتب اُوریم
فون:82-70-8240-2075
فیکس:82-2-869-1537
www.urimbooks.com
urimbook@hotmail.com